اسلام: تعارف وتاریخ

مرتبین

پروفیسر اختر الواسع، ڈاکٹر محمد ارشد

زیر نظر کتاب میں اسلام کو اس کی اصل تعلیمات کی روشنی میں اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ صرف اس کا نظام عقائد و عبادات ہی سامنے نہ آئے بلکہ اس کے ساتھ حقوق و معاملات، اخلاق، اسلامی علوم اور سیرت رسولؐ و خلفائے راشدین بھی لوگوں کے سامنے آئیں تاکہ وہ اسلام کی فکر کے ساتھ اس کی عملی تعبیر کو بھی دیکھ اور سمجھ پائیں۔ اس کی ضرورت صرف دیگر مذاہب کے پیروکاروں کو ہی نہیں ہے بلکہ مسلمانوں کی بھی ایک بہت بڑی تعداد ایسی ہے جو اسلام سے کماحقہٗ واقف نہیں ہے۔ اس کتاب میں مذہب اسلام کے تعارف کا ایسا خاکہ تیار کیا گیا ہے جس میں اسلام، تعلیمات اسلام، پیغمبر اسلام اور خلفاء راشدین کا پوری طرح احاطہ کیا گیا ہے۔

پروفیسر اختر الواسع علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے اسلامک اسٹڈیز اور مسلم تھیالوجی میں ماسٹر کی ڈگریاں حاصل کرنے کے بعد جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی کے شعبہ اسلامک اسٹڈیز کے صدر، ڈاکٹر ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز کے ڈائرکٹر اور ڈین فیکلٹی آف ہیومینیٹیز اینڈ لینگویجز کے اعلیٰ مناصب پر فائز رہے۔ آج کل وہ کمشنر برائے لسانی اقلیات کے دستوری عہدے پر فائز ہیں۔ پروفیسر اختر الواسع کو صدر جمہوریہ ہند کی جانب سے ''پدم شری'' کے ایوارڈ سے نوازا گیا ہے اور انھیں امریکہ میں ''فل برائٹ فیلوشپ'' بھی مل چکی ہے۔ پروفیسر اختر الواسع اردو، ہندی اور انگریزی میں تین درجن سے زائد کتابوں کے مصنف، مرتب اور مترجم ہیں۔

ڈاکٹر محمد ارشد شعبہ اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی میں اسسٹنٹ پروفیسر ہیں۔ جدید مسلم دنیا کے امور میں انھیں اختصاص حاصل ہے اس حوالے سے ان کے مضامین اخبارات و رسائل اور علمی جرائد میں پابندی سے شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ان کی دو کتابیں ''مغرب اور اسلامی بنیاد پرستی'' اور ''مشرق وسطی: عرب عوامی بے داری کے بعد'' بھی شائع ہو چکی ہیں۔

ISBN: 978-93-5160-078-7
9 789351 600787
NCPUL
New Delhi

₹ 137.00

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان
وزارت ترقی انسانی وسائل، حکومت ہند

فروغ اردو بھون، ایف سی، 33/9،
انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولا، نئی دہلی۔ 110025

فہرست

تقدیم	پروفیسر اختر الواسع	vii
1۔ اسلام: عقائد، عبادات اور معاملات	پروفیسر اختر الواسع	1
2۔ کلام الٰہی کی عملی تصویر: سیرت رسولؐ	ڈاکٹر محمد عمر فاروق	29
3۔ خلافت راشدہ اور خلفائے راشدین	ڈاکٹر محمد ارشد	69
4۔ اسلام کی بنیادی کتاب: قرآن مجید	ڈاکٹر وارث مظہری	139
5۔ حدیث رسولؐ: تعارف اور تاریخ	ڈاکٹر محمد خالد خاں	155
6۔ فقہ اسلامی: تعارف اور تاریخ	ڈاکٹر فہیم اختر ندوی	191
7۔ تصوف: مختصر تعارف اور تاریخ	ڈاکٹر محمد ارشد	229
8۔ اسلامی معاشرہ اور انسانی حقوق	پروفیسر اقتدار محمد خاں	249
9۔ اسلام کا نظامِ اخلاق	ڈاکٹر شکیل احمد حبیبی	269

فقہ اسلامی: تعارف اور تاریخ

- ڈاکٹر فہیم اختر ندوی

لغوی معنی اور اصطلاحی تعریف

'فقہ' عربی زبان کا لفظ ہے، اس کا لفظی معنی ہے: سمجھ اور فہم۔ اس کا ایک اور معنی ہے: باریک چیز کا سمجھنا، یا کسی چیز کی غرض اور اس کے مقصود کو سمجھ لینا۔ قرآن اور حدیث میں یہ لفظ ان دونوں معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

اسلام کے قانونی سرمایہ میں فقہ کا لفظ 'اسلامی قانون' اور 'اسلامی احکام و مسائل' کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

فقہ کی اصطلاحی تعریف یوں کی گئی ہے: ''شریعت کے ان جزوی اور عملی احکام کو جاننا جو شرعی دلائل سے مستنبط (نکالے) کیے گئے ہیں''۔ اس تعریف سے معلوم ہوتا ہے کہ فقہ اسلامی کے لیے تین باتیں ضروری ہیں، گویا تین شرطیں ہیں جن سے کوئی چیز فقہ اسلامی قرار پاتی ہے۔

پہلی شرط یہ کہ شریعت کے صرف جزوی احکام اور فروعی مسائل فقہ اسلامی کہلاتے ہیں۔ شریعت کے جو احکام جزوی نہیں ہیں بلکہ اصول اور عقائد سے تعلق رکھتے ہیں۔ جیسے اللہ کا ایک ہونا؛ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری رسول ہونا اور قیامت کا برحق ہونا وغیرہ،